اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

# ''یااللّٰہ عَزَّوَجَلَّ !مجھے علمِ نافع عطا فرما''

# کے 29 حروف کی نسبت سے مجلس جامعۃ المدینہ للبنات کے 29 مدنی پھول

## فرامینِ امیر اھلسنّت دامت برکاتہم العالیہ:

❁ دعوتِ اسلامی کا **99.99%** مدنی کام انفرادی کوشش سے ممکن ہے۔ ❁ ''مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے'' اس مَدَنی مقصد کو اپنے اور ایک ایک طالبہ کے ذِہن میں ایسا راسخ کر دیجئے کہ وہ اس کو اپنی زندگی کا مدنی اُصول بنالے، اِس طرح **اِنْ شَآءَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ** آپ کی اپنی دعوتِ اسلامی کے ''مَدَنی کام'' کو پرواز کے مَدَنی پَر لگ جائیں گے ❁ جامعۃ المدینہ میں اور اس کے علاوہ بھی ''پردے میں پردہ'' کیجئے اور طَالبات کو بھی اس کا پابند بنائیے۔ انہیں مَدَنی اِنعامات کا رِسالہ جمع کروانے کی اتنی ترغیب دی جائے کہ ان کا ذِہن بن جائے کہ مَدَنی اِنعامات پر عمل ہماری زندگی کا لازِمی جُزو ہے ❁ معلّمہ پڑھانے میں خواہ کتنی ہی ماہر ہو، بے شک اسکا دَرَجہ پڑھائی کے مُعاملے میں اوّل آتا ہو مگر میرے نزدیک وُہی معلّمہ کامیاب ہے جو ''دعوتِ اسلامی'' کے دیئے ہوئے مَدَنی ذِہن کے مطابق طالبات کی اخلاقی تربیّت کرنے میں بھی کامیاب رہے۔ ❁ **عالِم** کا مرتبہ و مقام **علمِ دین** کے سبب عام مسلمانوں سے کہیں فائق ہے لیکن اس کو گُفتار و کردار میں بہُت زیادہ اِحتیاط کی ضرورت ہے کہ اس کی معمولی سی لغزش نہ جانے کتنوں کو راہِ حق سے بَرگَشْتَہ (پھیر) کرسکتی ہے کیونکہ لوگوں کی نظریں عُلَماء پر لگی ہوتی ہیں ❁ علمِ دِین میں مشغول ہونے کے ساتھ ساتھ **نفلی عبادات** بھی بجالاتے رہیں کہ ہمارے **بُزُرگانِ دِین** رحمھم اللّٰہ المبین علمِ دِین میں مشغول ہونے کے باوُجُود بھی نفلی عبادت کے لئے کمر بستہ رہتے تھے ❁ **دعوتِ اسلامی** آپ کی اپنی مدنی تحریک ہے جس نے آپ کو **جامعات المدینہ** بنا کر دیئے، آپ کو **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَل** علمِ دِین سیکھنے پر آمادہ کیا اور ہر لحاظ سے آپ کی تعلیم و تربیت کا بندوبست کیا۔ لہٰذا آپ کیلئے یہی زیبا ہے کہ اس کی جو باتیں شریعت کے مطابق ہوں آنکھیں بند کر کے انہیں اپناتے جایئے، عقل کے گھوڑے مت دوڑایئے۔ ❁ **دعوتِ اسلامی** کا مدنی کام اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی رِضا کیلئے کریں اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس سے آپ کو دونوں جہاں کی بھلائیاں حاصل ہوں گی۔

(یہ چار فرامین ''امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے عطا کردہ مدنی پھول برائے اساتذہ وطلبہ جامعات المدینہ'' سے لئے گئے ہیں)

**﴿1﴾** فرمانِ مصطفٰی صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم: **نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ** ۔ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔ (المعجم الکبیر للطَبَراني، الحدیث: ٥٩٤٢، ج٦، ص ١٨٥) اس لیے ہر ذمہ دار یہ نیت کرتا رہے: ''میں اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی رِضا اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خوشنودی کے لیے دعوتِ اسلامی کے شعبہ **''جامعۃ المدینہ** (للبنات)'' کا مدنی کام، مدنی مرکز کے طریقِ کار کے مطابق کرتا رہوں گا، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ۔''

**﴿2﴾ جامعۃ المدینہ** (للبنات) کی ''عمارت'' **مجلسِ وقف املاک**، ''اجارہ ومشاہرہ'' **مجلسِ اجارہ**، ''مالیاتی نظام'' **مجلسِ مالیات** اور مجموعی طور پر نظام **مجلس جامعۃ المدینہ للبنات** (دعوتِ اسلامی) کے طریقِ کار کے مطابق ہوگا۔

**﴿3﴾ مجلس جامعۃ المدینہ** (للبنات) کے تحت رہائشی وغیر رہائشی درسِ نظامی (عالمہ کورس) اور فیضانِ شریعت کورس کی ترکیب ہے۔

**﴿4﴾** اسلامی بہنوں کے مختصر مَدَنی کورسز مجلس معاونت برائے اسلامی بہنیں کے تحت ہوں گے، **مجلس جامعۃ المدینہ** (للبنات) معاونت کرے گی۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

**﴿5﴾ جامعۃ المدینہ للبنات کے آغاز کا طریقہ:** جس ڈویژن میں **جامعۃ المدینہ** (للبنات) کا آغاز کرنا ہے، وہاں کے شہر/ڈویژن مشاورت کے نگران اپنے متعلقہ رکن زون برائے مجلس جامعۃ المدینہ (للبنات) سے درخواست فارم برائے آغاز جامعۃ المدینہ (للبنات) حاصل کریں، ضروریات **مکمل** ہونے کی صورت میں اپنے **نگرانِ کابینہ** اور **زونل نگران** کے دستخط کے ساتھ درخواست مجلس جامعۃ المدینہ (للبنات) کو میل کریں، **مجلس جامعۃ المدینہ للبنات** رُکنِ مجلس کے ذریعے جامعۃ المدینہ کا جائزہ لے گی، طے شدہ ضروریات **مکمل** ہونے کی صورت میں رُکنِ مجلس اپنے تأثرات اور دستخط کے ساتھ درخواست اور جائزہ **نگرانِ مجلس جامعات المدینہ** للبنات پاکستان کو میل کریں گے، **نگرانِ مجلس جامعات المدینہ** للبنات (پاکستان) رکنِ شورٰی سے مشاورت کریں گے، **رکنِ شورٰی** کی اِجازت کی صورت میں جامعۃ المدینہ للبنات کا آغاز ہوجائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

**﴿6﴾** کسی بھی جامعہ کو مجلس جامعات المدینہ للبنات کے تحت دینے کے لئے مجلس کی طرف سے طے شدہ **شرائط وضوابط** کے مطابق ہی عمل کرنا ہوگا۔

**﴿7﴾ جامعات المدینہ** (للبنات) میں مدنی عملہ کی **تقرری/تبدیلی اور معزولی**، **مجلس جامعات المدینہ** (للبنات) اور مجلسِ اجارہ کی مشاورت سے ہوگی۔

**﴿8﴾** کوئی بھی کتاب، رسالہ، پمفلٹ، تحریر وفارم وغیرہ متعلقہ رکنِ شورٰی اور مجلس المدینۃ العلمیہ کی اجازت کے بغیر چھاپنے کی اِجازت نہیں۔

**﴿9﴾ جامعۃ المدینہ** (للبنات) **میں تعلیمی امور کیلئے مجلس جامعات المدینہ** (للبنات) کے تحت مجلس **تعلیمی امور** ہوگی جس کی ترکیب یوں ہوگی، زونل سطح پر مضبوط معلّمہ کو تعلیمی امور ذمہ دار بنایا جائے گا، جو اپنی تدریس یا نظامت کے ساتھ ساتھ تعلیمی امور کو بھی دیکھے گی۔ ان پر ملکی سطح پر ایک ذمہ دار ہوگی۔ جو ہر ماہ ملک بھر کی تعلیمی کارکردگی تیار کر کے پاک مشاورت ذمہ دار باجی

اور رکن مجلس جامعات المدینہ للبنات برائے تعلیمی امور کو میل کریں گی۔ ❁ تعلیمی امور کا بنیادی کام نصاب مرتب کرنا/ کروانا، ماہانہ تکمیلِ نصاب کا جائزہ لینا، سوالیہ پرچہ جات مرتب کرنا/ کروانا، تفتیش درجات وغیرہ۔

اسی طرح تدریسی امتحانات کیلئے شعبہ **تفتیش برائے تدریسی امتحان** ہوگا، جس کے ذمے یہ کام ہیں:
تربیت یافتہ منتخب ممتحنات کے ذریعے معلمات کی صلاحیت جانچنے کیلئے تدریسی امتحان کی ترکیب بنانا، کمزور کارکردگی پر مکتوب برائے تفہیم جاری کرنا، اچھی کارکردگی پر حوصلہ افزائی کا مکتوب جاری کرنا وغیرہ۔

﴿10﴾ **نئی معلّمہ یا ناظمہ کی تقرری کا انداز:** ❁ اوّلاً تدریس کی اُمیدوار اسلامی بہن سے مجلس جامعات المدینہ للبنات کی طرف سے طے شدہ درخواست فارم پُر کروایا جائے گا، جس میں مذکور ضروری کوائف کے صحیح اَنداز اور تدریس کی شرائط کی پاسداری کیلئے درخواست گزار اسلامی بہن اور اس کے سرپرست کے اِقراری دستخط کے ساتھ ساتھ متعلقہ ڈویژن / کابینہ مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کے دستخط کروانا ضروری ہیں۔ ❁ ناظمہ درخواست پر اطمینان کی صورت میں رکنِ کابینہ اسلامی بہن کو پیش کرے گی، رکنِ کابینہ اپنے تاثرات کے ساتھ رکن زون کو پیش کریں گی ❁ رکنِ مشاورت تعلیمی امور، مجلس تعلیمی امور جامعات المدینہ للبنات کی طرف سے طے شدہ امتحانی نصاب میں سے نصاب جاری کریں گی ❁ کم وبیش پانچ یا سات دن کے بعد مجلس تعلیمی امور کی طرف سے طے شدہ تدریسی امتحانی مجلس تدریسی امتحان لے گی اور اس کا تفصیلی نتیجہ فارم نگران مجلس تعلیمی امور کو روانہ کردے گی ❁ نگران مجلس تعلیمی اُمور اس کا رقعہ بنا کر متعلقہ رکن مجلس کو میل کریں گے اور پاس ہونے کی صورت میں مجلس اجارہ کے اصول وضوابط کے مطابق اجارہ کرلیا جائے گا۔

﴿11﴾ **جامعات المدینہ** (للبنات) میں **امتحانی امور کیلئے مجلس** جامعات المدینہ للبنات کے تحت **مجلس شُعْبَۃُ الْاِمْتِحَان وَالتَّسْجِیْل** ہوگی جس کے نگران رکنِ مجلس جامعات المدینہ للبنات ہوں گے۔ ❁ رکن مشاورت شعبۃ الامتحان ماہانہ طالبات، معلمات، ناظمات اور مدنی عملہ کی تعداد اپ ڈیٹ کارکردگی پاک مشاورت ذمہ دار (اسلامی بہن) اور ذمہ دار شعبۃ الامتحان جامعات المدینہ للبنات اسلامی بھائی کو میل کریں گی۔ ❁ طے شدہ مدنی پھولوں کے مطابق مجلس جامعات المدینہ للبنات کے تحت ہونے والے کورسز درسِ نظامی اور فیضانِ شریعت کے امتحانات لینا اور نتیجہ جات کا اجراء کرنا۔

﴿12﴾ ہر **جامعۃ المدینہ** (للبنات) میں نگرانِ کابینہ کی اجازت سے کم از کم **3 رُکنی خود کفالت مجلس** (علاقے کے اسلامی بھائیوں پر مشتمل) بنائی جائے۔ یہ مجلس انتظامی امور (عمارت کے تعمیراتی معاملات، بجلی، پانی، گیس وغیرہ کے بل) اور جامعۃ المدینہ للبنات کی خود کفالت کی ترکیب کرے گی۔ اس مجلس کو جامعۃ المدینہ (للبنات) کے تعلیمی امور میں مداخلت کی قطعاً اجازت نہیں۔

﴿13﴾ **جامعۃ المدینہ** (للبنات) کے درجات میں **تعلیمی امتحان** لینے کیلئے **مفتشات** کی ترکیب ہوگی جو ہر ماہ اپنے تحت تمام درجات کا امتحان لیں گی۔ **مفتشات**، معلمات یا ناظمات میں سے ہوں گی جو باقی ایام میں تدریس یا نظامت کی ذمہ داری سرانجام دیں گی۔

﴿14﴾ **جامعات المدینہ** (للبنات) میں مدنی مرکز کی طرف سے طے شدہ **یونیفارم** کا نفاذ ضروری ہے۔
❁ **شرعی پردہ** (مدنی برقع پہنیں تو مدینہ مدینہ، تاہم اس پر سختی ہرگز نہ کی جائے کہ اصل مقصود **شرعی پردہ** ہے جو دیگر غیر جاذب نظر چادروں اور برقعوں سے بھی حاصل کیا جا سکتا ہے۔) ❁ ڈِھیلی ڈھالی سفید شلوار قمیص (کلائی تک آستین) ❁ **کالے دَستانے**، ❁ **گرین اَسکارف** (سبز بڑی اوڑھنی جو سِینے کو مکمل ڈھانپے ہوئے ہو)

**مدینہ**: جس جگہ صرف اسلامی بہنیں ہوں، وہاں پر اسلامی بہنیں مدنی برقع اُتار کر مدنی بیگ میں رکھ لیں اور سر پر گرین اَسکارف پہن لیں تو کوئی حرج نہیں، البتہ وہاں پر بھی مدنی برقع کا اُوپری حصہ بھی پہنی رہیں تو مدینہ مدینہ۔

﴿15﴾ **جامعات المدینہ** (للبنات) میں کوئی بھی **نیا کام یا تبدیلی مجلس جامعات المدینہ** (للبنات) کی تحریری اجازت کے بغیر نہ کی جائے۔

﴿16﴾ **جامعات المدینہ** (للبنات) میں پیش آنے والے ہر طرح کے مسائل کا حل **تنظیمی طریقِ کار کے مطابق** ہی فرمائیں، مثلاً **معلّمہ** کو کوئی مسئلہ درپیش ہے تو وہ اپنی **ناظمہ** کو تحریری طور پر پیش کرے۔ زیادہ تاخیر یا مسئلہ حل نہ ہونے کی صورت میں یا اطمینان نہ ہونے کی صورت میں بتدریج **مفتشہ / رکنِ کابینہ جامعات المدینہ / زونل ذمہ دار اسلامی بہن / پاک مشاورت جامعات المدینہ للبنات، رکن عالمی مجلس مشاورت** کو پیش کرے اور رکن عالمی مجلس مشاورت تنظیمی طریقہ کار کے مطابق نگران مجلس **جامعات المدینہ** (للبنات) کو پیش کریں۔ اگر پھر بھی مسئلہ حل نہ ہو تو اپنے شعبہ سے متعلقہ رُکنِ شورٰی کو پیش کرے۔ جب تک شرعاً واجب نہ ہو جائے کسی کی غلطی کو (بلا اجازتِ شرعی) دوسرے کے آگے بیان کرکے بدگمانیوں، غیبتوں، چغلیوں اور ایک دوسرے کے عیوب اُچھالنے کا بازار گرم کرکے اپنی آخرت اور دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول کے نقصان کا سبب نہ بنئے۔

﴿17﴾ رکن زون **جامعۃ المدینہ** (للبنات)، رُکن زون **مالیات** اور **نگران کابینہ** باہم مشاورت سے اپنے متعلقہ جامعات المدینہ کا بجٹ تیار کریں گے۔ بجٹ کی روشنی میں متعلقہ مالیات ناظمہ کو کچھ پیشگی اخراجات دے گی، جسے ضرورتاً ناظمہ کو خرچ کرنے کا اختیار ہوگا، اور اس کا مکمل حساب مالیات کے دیئے گئے طریقِ کار کے مطابق روزنامچہ وغیرہ کی صورت میں رکھے گی جسے عندالضرورت مالیات ذمہ دار چیک کرسکتے ہیں۔ ناظمہ آئندہ اخراجات لینے سے قبل سابقہ اخراجات کا مالیات کو حساب دے گی۔ تمام جامعات میں مدنی مرکز کے طریقِ کار کے مطابق **مدنی عطیات بکس** کی ترکیب ہونی چاہئے۔

﴿18﴾ **جامعۃ المدینہ** (للبنات) کے ذریعے جو بھی مدنی عطیات اکٹھے ہوں، وہ مجلسِ مالیات کو جمع کروائیں، طے شدہ اخراجات مجلسِ مالیات سے گوشوارہ دے کر حاصل فرمائیں، اپنے طور پر مدنی عطیات جمع کرکے خرچ کرنے کی اجازت نہیں۔

﴾19﴿ درجہ کی کم سے کم تعداد 10 اور زیادہ سے زیادہ تعداد 30 طالبات ہوں، **10** سے کم طالبات ہونے کی صورت میں ممکنہ طور پر درجہ ضم کر دیا جائے یا بعدِ مشورہ قریبی جامعۃ المدینہ میں منتقل کر دیا جائے۔

## ﴾﴿ذمہ دار اسلامی بہنوں کی تقرری کی ترکیب:

| # | ذمہ دار | سطح |
|---|---|---|
| 1 | معلّمہ | درجہ |
| 2 | ناظمہ | 3 سے 7 درجات |
| 3 | معاون ناظمہ | 8 یا اس سے زائد درجے ہوں تو |
| 4 | مفتشہ | 7 تا 12 درجات |
| 5 | رکن کابینہ | 5 سے 8 جامعات المدینہ |
| 6 | تعلیمی امور ذمہ دار | زون |
| 7 | زون ذمہ دار | زون |
| 8 | پاک سطح پر شعبہ ذمہ دار | ملک |
| 9 | پاک مشاورت ذمہ دار | ملک |
| 10 | رکن عالمی مجلس مشاورت | عالمی سطح |

## ﴾﴿ذمہ دار اسلامی بھائیوں کی تقرری کی ترکیب:

| # | ذمہ دار | سطح |
|---|---|---|
| 1 | بواب | جامعۃ المدینہ |
| 2 | 3 سے 5 رکنی خودکفالت مجلس | جامعۃ المدینہ |
| 3 | رکنِ زون | زون |
| 4 | شعبۃ الامتحان ذمہ دار | ملک |
| 5 | تعلیمی امور ذمہ دار | ملک |
| 6 | مدنی کورسز ذمہ دار | ملک |
| 7 | کارکردگی ذمہ دار | ملک |
| 8 | نگران مجلس | ملک |

## ﴾20﴿کارکردگی فارم و مَدَنی مشوروں کی تاریخیں و مَدَنی پھول:

| # | تاریخ | مَدَنی مشورہ لینے والے | سطح | شرکاء | مَدَنی پھول |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 1 | ناظمہ | جامعہ | معلمات | انفرادی، تعلیمی، تنظیمی کارکردگی، خودکفالت، ترقی و تنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ |
| 2 | 2 | رکن کابینہ اسلامی بہن | کابینہ | معلمات و ناظمات | // |
| 3 | 3 | زون ذمہ دار اسلامی بہن | زون | رکن کابینہ اسلامی بہنیں، ناظمات، معلمات | // |
| 4 | 5 | پاک مشاورت ذمہ دار | ملک | معلّمہ تا اراکین مشاورت | // |
| 5 | ماہانہ | رکن عالمی مجلس مشاورت | ملک و بیرون ملک | معلّمہ تا ملکی مشاورتیں (جامعۃ المدینہ) | // |
| 6 | ماہانہ | رکن زون | جامعۃ المدینہ | مقامی خودکفالت مجلس | تعمیرات، نئے جامعات، خودکفالت، ترقی و تنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ |
| 7 | ماہانہ | نگران مجلس | مُلک | مجلس کا مدنی مشورہ | انفرادی، تعلیمی، تنظیمی کارکردگی، خودکفالت، ترقی وتنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ |

❁ معمول (Routine) سے ہٹ کر ہونے والے شعبہ جات کے مدنی مشوروں یا **ذمہ داران** کے سُنّتوں بھرے اجتماعات کے لیے اوّلاً ''**اجازت نامہ**'' مکمل پُر کر کے طے شدہ طریقِ کار کے مطابق متعلقہ ذِمہ دار کو جمع کروانا ہوگا۔ (مزید وضاحت کے لیے ''**اجازت نامہ برائے مدنی مشورہ یا ذمہ داران کا سُنّتوں بھرا اجتماع**'' کے مدنی پھول بغور ملاحظہ کر لیجئے، یہ اجازت نامہ پاکستان انتظامی کابینہ دفتر سے میل ہو چکا ہے، بوقتِ ضرورت دوبارہ حاصل کیا جا سکتا ہے)

## ❁کارکردگی فارم کی تاریخیں: ❁ جامعۃ المدینہ:1 ❁ کابینہ:5 ❁ زون:6 ❁ ملک:7

﴾21﴿ مدنی مشوروں کی کثرت سے بچنے کے لیے مقرر کردہ سطح کے علاوہ کسی اور سطح کا مدنی مشورہ لینے کے لیے متعلقہ نگران سے اجازت ضروری ہے۔ ❁ جب بڑی سطح کے ذمہ داران دیگر سطح کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ کر لیں تو اس ماہ ان کا ماہانہ مدنی مشورہ نہیں ہوگا۔

﴾22﴿ پاکستان/ بیرونِ ملک سطح کے ذمہ دار ہر عیسوی ماہ کی 7 تاریخ تک کارکردگی پاکستان انتظامی کابینہ/مجلس بیرونِ ملک دفتر اور متعلقہ رکنِ شورٰی کو میل کر دیں۔ (یاد رہے! کارکردگی مَدَنی مشورے سے مشروط نہیں، اگر کسی وجہ سے مَدَنی مشورہ نہ ہو سکے تب بھی مقررہ تاریخ پر اپنے نگران کو کارکردگی پیش کر دیں)

﴾23﴿ **ذمہ داران** (اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں) ہر ماہ کا پیشگی جدول عیسوی ماہ کی 19 تاریخ تک اپنے نگران سے منظور کروائیں، پھر اس کے مطابق پیشگی اطلاع کے ساتھ اپنے جدول پر عمل کریں اور مہینہ مکمل ہونے کے بعد 3 تاریخ تک کارکردگی جدول اپنے نگرانِ مجلس کو پیش کریں۔

﴿24﴾ رُکن زون، زونل نگران سے اور معلمات، ناظمات اور اراکین کابینہ جامعۃ المدینہ، کابینہ / زون ذمہ دار سے مربوط رہیں۔ انھیں اپنی کارکردگی سے آگاہ رکھیں اور ان سے مشورے کرتے رہیں، جو ذمہ دار اسلامی بہن سے جتنا زیادہ مربوط رہے گی وہ اسلامی بہن اتنا ہی زیادہ مضبوط ہوتی جائے گی۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزَّوَجَلَّ

﴿25﴾ متعلقہ رکنِ شوریٰ اور نگرانِ مجلس جامعۃ المدینہ للبنات کی اجازت سے وقتاً فوقتاً اپنے شعبے کے ذمہ داران کے سنّتوں بھرے اجتماع کی ترکیب کرتے رہیں تاکہ ذمہ داران کی تربیت کا سامان ہوتا رہے۔

﴿26﴾ **جامعات المدینہ** (للبنات) کے تمام ذمہ دار (اسلامی بھائی/ اسلامی بہنیں) اپنے تحت کام کرنے والے اجیر اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کی وقتاً فوقتاً امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کے رسالے **"حلال طریقے سے کمانے کے 50 مدنی پھول"** کے مطابق مدنی تربیت فرماتے رہیں، نیز انہیں مدنی مرکز کی طرف سے دیئے گئے جدول پر عمل کرنے کا پابند کریں۔ جو اجیر (اُجرت پر کام کرنے والا) اپنا کام مکمل نہیں کرتا یا سُستی، کاہلی کی وجہ سے کوتاہی کرتا ہے تو جس قدر کام میں کوتاہی کی اُتنی اُجرت لینے کا مستحق نہیں، اس پر لازم ہے کہ اتنی رقم کی کٹوتی کروائے۔ اگر کام میں سُستی کرنے کے باوجود پوری اُجرت لیتا رہا تو توبہ کے ساتھ ساتھ اتنی رقم لوٹانا بھی لازم ہوگا لوٹائے بغیر بَرِیُٔ الذِّمہ نہ ہوگا۔

**امامِ اہلسنّت**، مجدّدِ دین وملت، حضرت علامہ مولانا شاہ **امام احمد رضا خان** علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں: "کام کی 3 حالتیں ہیں (۱) سُست (۲) معتدل (۳) نہایت تیز، اگر مزدوری میں سُستی کے ساتھ کام کرتا ہے، گنہگار ہے اور اس پر پوری مزدوری لینی حرام ہے، اتنے کام (یعنی جتنا اس نے کیا) کے لائق جتنی اُجرت ہے لے، اُس سے جو کچھ زیادہ ملا مستاجر (جس کے ساتھ اجارہ کا معاہدہ کیا) کو واپس دے"۔ (فتاوی رضویہ جلد ۱۹ ص ۴۰۷)

﴿27﴾ **جامعات المدینہ** (للبنات) کے وہ ذمہ داران جو مالِ وقف کے امین ہیں، انہیں چاہئے کہ اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے **شرعی تقاضوں** کو پورا کرنے کی بھرپور کوشش فرمائیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: **وَالَّذِیْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ**o ترجمہ کنزالایمان۔ "اور وہ جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کی رعایت کرتے ہیں۔ (پ ۱۸ سورۃ المؤمنون: ۸)

صدرالافاضل، حضرت علامہ مولانا **مفتی سید محمد نعیم الدین مرادآبادی** علیہ رحمۃ اللہ الھادی تفسیر خزائن العرفان میں اس آیت کے تحت فرماتے ہیں: "خواہ وہ امانتیں اللہ (عزوجل) کی ہوں یا خلق کی اور اسی طرح عہد، خدا (عزوجل) کے ساتھ ہوں یا مخلوق کے ساتھ، سب کی وفا لازم ہے"۔

﴿28﴾ **یاد رہے** کہ متعلقہ رکنِ شوریٰ ضرورتاً ان مدنی پھولوں میں تبدیلی کر سکتے ہیں۔

﴿29﴾ **اپنی دنیا اور آخرت کی بہتری کے لئے مندرجہ ذیل امور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں:**

- **فرض علوم** سیکھنے کی کوشش کرتے رہئے۔ فرض علوم سیکھنے کے لیے کتبِ **امیرِ اہلسنّت**، بہارِ شریعت، فتاویٰ رضویہ، احیاء العلوم وغیرہ کے مطالعہ کی عادت بنائیں۔ شرعی پردے کے احکام آسان لفظوں میں سمجھنے اور بہت سی **معلومات** حاصل کرنے کے لئے **امیرِ اَہلسنّت** دامت بَرَکاتُہم العالیہ کی منفرد تصانیف (مثلاً پردے کے بارے میں سوال جواب، اسلامی بہنوں کی نماز، وغیرہ) کا بار بار مطالعہ کیجئے اور دیگر اسلامی بہنوں کو بھی پڑھنے اور تقسیم کرنے کی ترغیب دِلایئے۔ (ہفتہ وار اجتماعی طور پر دیکھے جانے والے **"مدنی مذاکرے"** میں اوّل تا آخر شرکت کو یقینی بنایئے، اس کی برکت سے علمِ دِین کا لازوال خزانہ ہاتھ آئے گا نیز "مدنی انعام نمبر: 47" پر عمل کرتے ہوئے مدنی چینل کے سلسلے، اصلاحی بیانات کے ساتھ ساتھ فیضانِ مدنی مذاکرہ اور فیضانِ فرض علوم میموری کارڈ (Memory Card) سننے کا بھی سلسلہ رکھیے، اس سے بھی کثیر فرض علوم حاصل ہوں گے۔ ان شاءاللہ عزوجل)
- ذمہ دار، ناظمات، معلمات، طالبات، **اسلامی بہنوں کے مَدَنی کام کے 25 مدنی پھولوں** کے مطابق خوش دلی سے **اِخلاص واِستقامت** کے ساتھ دعوتِ اسلامی کا مدنی کام کرتی رہیں۔
- **اپنے محارم** پر انفرادی کوشش کرتے ہوئے انہیں دعوتِ اسلامی کے **مدنی** کاموں مثلاً ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع، مدرسۃ المدینہ (بالغان) اور مَدَنی دورہ، روزانہ وقتِ مقررہ پر **فکرِ مدینہ** کے ذریعے **مدنی انعامات** پر عمل نیز جن کی عمر 22 سال سے زائد ہو اِنہیں 3 دِن، 12 دِن اور ایک ماہ کے **مدنی قافلوں** میں سفر، 63 دن کے مدنی تربیتی کورس اور 12 مَدَنی کام کورس کی **نرمی وحکمت وتدبیر** کے ساتھ بھرپور ترغیب دِلایئے۔
- اپنی اِصلاح اور مَدَنی کاموں کی بہتری کیلئے **امیرِ اَہلسنّت** دامت بَرَکاتُہم العالیہ کے سنّتوں بھرے **بیانات** اور **مدنی مذاکرات** بالخصوص (61,62,63,64,65,66) نیز مکتبۃ المدینہ سے جاری ہونے والے دیگر **مبلغین** کے سنّتوں بھرے بیانات ضرور سنیے۔ ہفتہ وار اجتماع اور تربیتی حلقے میں **ماہانہ**، مدرَسۃ المدینہ (بالغات) میں **ہفتہ وار** اور جامعۃُ المدینہ میں **روزانہ** "تربیتی پیریڈ" میں سنتوں بھرا بیان دیکھنے، سننے کی ترکیب کیجئے۔ اسلامی بہنیں **آڈیو** اِجتماعات ہی کی ترکیب کرسکتی ہیں۔ (روزانہ سنّتوں بھرا بیان یا مَدَنی مذاکرے کی کم از کم ایک کیسٹ سُننے والوں سے **امیرِ اہلسنّت** دامت بَرَکاتُہم العالیہ بے انتہا خوش ہوتے ہیں۔)
- **امیرِ اَہلسنّت** دامت بَرَکاتُہم العالیہ فرماتے ہیں: جو اپنے علاقے میں مَدَنی انعامات کا نفاذ کریگا، اس کے علاقے میں مَدَنی کام نہ صرف چلے گا بلکہ دوڑے گا، نہیں نہیں بلکہ اس کے تو پَر لگ جائیں گے اور بے ساختہ مدینۂ منورہ زَادَهَا اللّٰهُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا کی جانب اُڑنا شروع کر دیگا۔ لہٰذا **امیرِ اَہلسنّت** دامت بَرَکاتُہم العالیہ کے عطا کردہ مدنی انعامات پر عَمَل کیلئے **روزانہ فکرِ مدینہ** (یعنی مَدَنی انعامات کے مطابق آج کہاں تک عمل ہوا؟) کے ذریعے مَدَنی انعامات کے رِسالے میں دیئے گئے خانے پُر فرما کر

ہر ماہ اپنی ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروانے کا معمول بنالیجئے ۔ نیز مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ ''**جنت کے طلبگاروں کے لئے مدنی گلدستہ**'' کے مطابق مَدَنی انعامات پرعَمَل کرنے کی خود بھی کوشش فرمایئے اور دیگر اسلامی بہنوں کو بھی مدنی مشورہ، بیانات اور اِنفرادی کوشش کے ذریعے ترغیب دِلایئے۔

ہر اسلامی بہن **عطّار کی اَجمیری، بغدادی، مکی یا مدنی بیٹی** بننے کا شرف پانے کیلئے رِضائے ربُّ الانام عَزَّوَجَلَّ کے مدنی کام کے مطابق اپنا معمول بنانے کے ساتھ ساتھ دوسری اسلامی بہنوں کو بھی ترغیب دِلاتی رہیں۔

۞ **شیخِ طریقت، امیرِ اَہلسنّت** دامت بَرَکاتُہمُ العالیہ، مرکزی مجلسِ شورٰی اور اپنے شعبہ کے پاکستان سطح کے مدنی مشوروں کے ملنے والے مدنی پھولوں کا خود بھی مطالعہ کیجئے اور متعلقہ تمام ذمہ داران تک بروقت پہنچانے کی ترکیب بنایئے۔

۞ اصلاحِ اُمت کے مقدس و عظیم جذبے کے تحت اِسلامی بہنوں کو اور ان کے ذریعے ان کے محارم کو **شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ کا مرید کروا کر قادری عطاری بنانے کا سلسلہ جاری رکھئے، جب مرید/طالب ہو جائیں تو مجلس مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ سے مکتوب کی بھی ترکیب بنائیں۔

**مدینہ:** بیرونِ ملک کے ذِمہ داران متعلقہ رکنِ شورٰی کے مشورے واِجازت سے ان مدنی پھولوں میں ترمیم واضافہ کر سکتے ہیں۔

## مرکزی مجلسِ شورٰی ﴿دعوتِ اسلامی﴾

**مَدَنی مقصد**: مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزَّوَجَلَّ

**تاریخِ اجراء**(اپ ڈیٹ مدنی پھول): ۲۵ محرم الحرام ۱٤٤٠ھ /6 اکتوبر 2018ء